بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ۔

نمبر پی اے بی (لیجس) 2019/II ء　　　　　　　　　　　　　　　　مورخہ 18 فروری 2019ء

منجانب:۔　سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

بجانب:۔　جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان کوئٹہ۔

عنوان:۔　**مشترکہ قرارداد نمبر 14۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ 16 فروری 2019ء میں پاس شدہ مشترکہ قرارداد نمبر 14 منجانب ملک نعیم خان بازئی صاحب مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان اور جناب نصراللہ خان زیرے صاحب رکن اسمبلی برائے اطلاع و لازمی کارروائی ارسال خدمت ہے۔

(قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ نمبر (2) 114 کے تحت قرارداد پر عمل درآمد سے متعلق 2 ماہ کے اندر مطلع فرمائیں)

"ہرگاہ کہ کوئٹہ شہر میں گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت کا سلسلہ عرصہ دراز سے جاری ہے۔ جس سے وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ اور انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گندے اور زہریلے پانی سے سبزیوں کو سیراب کیا جاتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق گندے پانی سے کاشت کی جانے والی سبزیوں کے استعمال سے ملیریا، ٹائیفائیڈ اور کالے یرقان جیسے خطرناک بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ ہے

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ گندے پانی سے کاشت کی جانے والی فصل کو فوری طور پر تلف کرے اور آئندہ اس کی روک تھام کے لیئے موثر کارروائی عمل میں لائی جائے"

(شمس الدین)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع وضروی کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:۔

1۔ جناب ملک نعیم خان بازئی صاحب مشیر وزیر اعلیٰ برائے ایکسائیز اینڈ ٹیکسیشن حکومت بلوچستان اور جناب نصراللہ خان زیرے صاحب رکن اسمبلی محرکین قرارداد۔
2۔ جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ آف پاکستان، پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
3۔ جناب سیکرٹری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ، پارلیمنٹ ہاوس اسلام آباد۔
4۔ جناب پرنسپل سیکرٹری برائے گورنر بلوچستان کوئٹہ۔
5۔ جناب پرنسپل سیکرٹری، برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ۔
6۔ جناب سیکرٹری صوبائی اسمبلی پنجاب، صوبائی اسمبلی سندھ، صوبائی اسمبلی خیبر پختون خواہ، قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر اور گلگت بلتستان بمقام لاہور، کراچی، پشاور، مظفر آباد اور گلگت بلتستان۔
7۔ جناب صوبائی وزیر صحت حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
8۔ جناب صوبائی سیکرٹری برائے صحت حکومت بلوچستان۔
09۔ جناب کمشنر کوئٹہ ڈویژن۔
10۔ جناب ڈپٹی کمشنر ضلع کوئٹہ۔
11۔ جناب سسٹم انالسٹ بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(سید داد محمد آغا)
ڈپٹی سیکرٹری (قانون سازی)